A

L.K.No.804

Paper Code No.6022

اُردو (لازمی)

(Inter-A-2018)

گروپ سیکنڈ

پرچہ : I (معروضی طرز)

Inter ( Part - I )

وقت : 20 منٹ

Session (2014 - 16) to (2017 - 19)

کل نمبر : 20

BWP-11-GR2-18

نوٹ : تمام سوالات کے جوابات دی گئی جوابی کاپی پر لکھیے۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A , B , C , D دیے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو قلم کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) مضمون " سرسید کے اخلاق وخصائل " کس کتاب سے ماخوذ ہے :
(A) تاریخ ادب اُردو (B) مقالات سرسید (C) حیات جاوید (D) یادگارِ غالب

(2) " قصر زھرا " قرطبہ سے کتنے میل دور واقع تھا : (A) دو میل (B) چار میل (C) چھ میل (D) آٹھ میل

(3) " التصریف " کا فرانسیسی زبان میں ترجمہ کب ہوا : (A) 1541ء (B) 1857ء (C) 1881ء (D) 1497ء

(4) حافظ صاحب نے راجا صاحب کی سالانہ آمدن کا کیا اندازہ لگایا :
(A) ڈیڑھ لاکھ (B) ڈیڑھ دو لاکھ (C) دو ڈھائی لاکھ (D) ڈھائی تین لاکھ

(5) علامہ محمد اقبال نے کس رسالے میں اکبر الٰہ آبادی کے اشعار پڑھے :
(A) زمانہ میں (B) ایسٹ ویسٹ میں (C) مخزن میں (D) نقاد میں

(6) تشبیہ کے لغوی معنی کیا ہیں : (A) اشارہ کرنا (B) چھین لینا (C) اُدھار لینا (D) مانند قرار دینا

(7) استعارہ کے حقیقی اور مجازی معنوں میں کون سا تعلق پایا جاتا ہے :
(A) مشبہ کا (B) تشبیہ کا (C) تلمیح کا (D) مستعارلہٗ کا

(8) درج ذیل میں سے کون سا رکن استعارہ کا ہے :
(A) مشبہ (B) مشبہ بہ (C) غرض تشبیہ (D) مستعارلہٗ

(9) تلمیح کس زبان کا لفظ ہے : (A) اُردو (B) عربی (C) فارسی (D) ہندی

(10) " آتش نمرود " کیا ہے : (A) استعارہ (B) کنایہ (C) تلمیح (D) روزمرہ

(11) " مطلع " ہوتا ہے : (A) مثنوی میں (B) مرثیے میں (C) غزل میں (D) رباعی میں

(12) مقطع کے لغوی معنی کیا ہیں : (A) نکلنے کی جگہ (B) کاٹنے کی جگہ (C) اُٹھنے کی جگہ (D) چیرنے کی جگہ

(13) غزل میں وہ الفاظ جو وزن اور صوت کے لحاظ سے ہم آہنگ ہوں کیا کہلاتے ہیں :
(A) ردیف (B) تکرار (C) قافیہ (D) مرکب

(14) " اثر اس کو ذرا نہیں ہوتا رنج راحت فزا نہیں ہوتا " میں قافیہ کی نشاندہی کریں :
(A) نہیں۔ نہیں (B) ہوتا ۔ ہوتا (C) ذرا ۔ فزا (D) نہیں ہوتا ۔ نہیں ہوتا

(15) ردیف ہمیشہ کہاں آتی ہے : (A) قافیہ سے پہلے (B) قافیہ کے بعد (C) مطلع میں (D) مقطع میں

(16) آج صحن میں جھاڑو نہیں ------- ہے : (A) پھیرا (B) پھیری (C) پھیرے (D) پھیرائی

(17) " بال جبرئیل " چھپ -------- ہے : (A) گیا (B) گئی (C) گئیں (D) گئے

(18) پتنگ کٹ ------ : (A) گئیں (B) گئے (C) گیا (D) گئی

(19) بچے کو قبض ہو----- : (A) گئی (B) گئے (C) گیا (D) گئیں

(20) اختر کی بیوی بہت ------- ہے : (A) لڑاکا (B) لڑاکی (C) لڑاکو (D) لڑاکیں

ParhloPakistan.com

BWP-11-G2-18

| گروپ سیکنڈ | 804 - 35000 | رول نمبر |
| --- | --- | --- |
| Inter ( Part- I ) | Inter-A-2018 | اُردو لازمی (انشائیہ) |
| کل نمبر : 80 | سیشن (2014 - 16) to (2017 - 19) | وقت 2:40 گھنٹے |

حصہ اول

ہدایات ☆ تمام سوالات اپنی جوابی کاپی پر حل کریں۔☆

سوال نمبر 2 درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے ،شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10)=1+1+8

(الف)
یہ استقلال کا پرچم ہے ، استحکام کا پرچم
شہیدوں غازیوں کے ہاتھ سے ، انعام کا پرچم
ہلالی مخنجر ، انکشافِ شہادت کا اشارا ہے
یہ سیف اللہ کا پر تو ، فلک پر آشکارا ہے

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ (10)=1+3 +3 +3

دل لے کے مفت کہتے ہیں کچھ کام کا نہیں
اُلٹی شکایتیں ہوئیں احسان تو گیا
ڈرتا ہوں دیکھ کر دل بے آرزو کو میں
سنسان گھر یہ کیوں نہ ہو ، مہمان تو گیا
بزمِ عدو میں صورت پروانہ دل مرا
گو رشک سے جلا تیرے قربان تو گیا

حصہ دوم

سوال نمبر 3 سیاق وسباق کے حوالے سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے ۔مصنف کا نام اور سبق کا عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (15)=1+1+3+10

(الف) جبکہ ہر شخص اور کل قوم خود اپنی اندرونی حالتوں سے آپ اپنی اصلاح کر سکتی ہے تو اس بات کی اُمید پر بیٹھے رہنا کہ بیرونی زور انسان کی یا قوم کی اصلاح وترقی کرے کس قدر افسوس بلکہ نادانی کی بات ہے۔وہ شخص درحقیقت غلام نہیں ہے جس کو ایک خدا ناترس نے جو اس کا ظالم آقا کہلایا جاتا ہے خرید لیا ہے یا ایک ظالم اور خود مختار بادشاہ یا گورنمنٹ کی رعیت ہے بلکہ درحقیقت وہ شخص اصلی غلام ہے جو بداخلاقی ، خودغرضی ، جہالت اور شرارت کا مطیع اور اپنی خودغرضی کی غلامی میں مبتلا اور قومی ہمدردی سے بے پرواہ ہے۔

(ب) ایک دو غلط فہمیاں البتہ ضرور رفع کرنا چاہتا ہوں۔لاہور پنجاب میں واقع ہے لیکن پنجاب اب پنج آب نہیں رہا۔اس پانچ دریاؤں کی سرزمین میں اب صرف ساڑھے چار دریا بہتے ہیں اور جو نصف دریا ہے وہ تو اب بہنے کے قابل ہی نہیں رہا۔اس کو اصطلاح میں راوی ضعیف کہتے ہیں۔ملنے کا پتا یہ ہے کہ شہر کے قریب دو پل بنے ہوئے ہیں۔ان کے نیچے ریت میں یہ دریا لیٹا رہتا ہے ، بہنے کا شغل عرصے سے بند ہے۔اس لئے یہ بتانا بھی مشکل ہے کہ شہر دریا کے دائیں کنارے پر واقع ہے یا بائیں کنارے پر۔

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 1 + 9

(الف) سفارش (ب) اپنی مدد آپ

سوال نمبر 5 میرانیس کی نظم " میدان کربلا میں صبح کا منظر " کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ (5)

سوال نمبر 6 کسی معروف شخصیت اور ٹی۔وی۔اینکر کے درمیان مہنگائی پر مکالمہ لکھیں (10)

یا

یوم دفاع کے موقع پر کسی تقریب کی روداد تحریر کریں۔

سوال نمبر 7 پرنسپل صاحب کے نام خارج ہونے کے بعد دوبارہ داخلے کی درخواست تحریر کیجیے۔ (10)

سوال نمبر 8 مندرجہ ذیل عبارت کی تلخیص کیجیے اور مناسب عنوان بھی تحریر کیجیے۔ (10) = 8 + 2

عوام کی جان ومال ، عزت وآبرو کی حفاظت و پاسبانی حکومت کے اولین اور بنیادی فرائض میں سے سب سے اہم فرض ہے اور جو حکومت اس فرض کو کما حقہ انجام نہیں دیتی یا اس سے غفلت برتتی ہے ، اُسے مسند اقتدار پر متمکن رہنے کا کوئی حق نہیں۔حکومت کے قیام کے بارے میں جتنے نظریے بھی آج تک سامنے آئے ہیں ان کا اگر غور سے مطالعہ کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ انسانی معاشرے میں حکومت جیسی قوت کے وجود کا بنیادی جواز یہی ہے کہ وہ اپنی طاقت سے اجتماعی زندگی میں امن وامان قائم کرے اور ایسے حالات پیدا کرے کہ لوگ اپنے آپ کو محفوظ سمجھیں۔

D

----------☆☆☆☆☆----------

ParhloPakistan.com